## انگژر- ۱: ذمہ دارانہ خریداری کی پالیسی

### مقصد

اپنی کاروباری لائنز، گاہکوں، ملازمین، ماحول اور کمیونٹیز کے لیے پائیدار قدر کی تخلیق کے لیے پرعزم ہے۔ ذمہ دارانہ خریداری کی پالیسی کمپنی کے درج ذیل مقاصد، HSEQ پالیسی، اورہدایات کی مکمل پاسداری کرے گی:

https://www.ke.com.pk/sustainability

https://www.ke.com.pk/download/hseq/HSEQ-Policy-V7-2022-1.pdf

https://www.ke.com.pk/download/hseq/Corporate-HSEQ-Manual.pdf

یہ پالیسی اس عزم کو مزید مستحکم بنانے کے لیے ترتیب دی گئی ہے تاکہ خریداری اور سپلائی چین سے متعلق سرگرمیوں میں پائیداری کو فیصلہ سازی کا ایک کلیدی عنصر بنایا جا سکے۔ اس کے ذریعے کاروباری مقاصد حاصل کرتے ہوئے ماحول پر منفی اثرات کو کم کیا جائے گا اور سپلائی چین میں مثبت سماجی اثرات مرتب کیے جائیں گے۔

KE کی سپلائی چین درج ذیل اقدامات کے ذریعے اس پالیسی پر عمل درآمد کرے گی:

- کاروباری شراکت داروں، سپلائرز اور دیگر متعلقہ فریقین میں آگاہی، تربیت، اور پالیسی کی پاسداری کو یقینی بنانا
- سپلائر کوڈ آف کنڈکٹ پر سپلائرز کی لازمی منظوری کو یقینی بنانا جو Tenders - K - Electric پر دستیاب ہے۔
- سپلائرز کی رجسٹریشن اور انتخاب کے عمل میں پائیداری کے پہلوؤں کو شامل کرنا، اور پائیداری کی کارکردگی کی پیمائش کے اہداف متعین کرنا.
- سپلائرز کے ساتھ تعلقات کو بہتر بنانا، باہمی تعاون اور اشتراک کو فروغ دینا تاکہ پائیداری کے مواقع سے فائدہ اٹھایا جا سکے.

KE اپنے کاروباری شراکت داروں اور سپلائی چین کے دیگر متعلقہ فریقین کے ساتھ مل کر پائیدار ترقی کے لیے درج ذیل نکات پر توجہ مرکوز رکھے گی:

- ماحولیاتی تحفظ اور موسمیاتی تبدیلی.
- معاشرتی اقدار اور انسانی حقوق.
- گورننس اور لیبر کے معیارات.

### ماحولیاتی تحفظ اور موسمیاتی تبدیلی

KE اپنے آپریشنز میں ماحولیاتی نقصان کو کم کرنے کے لیے مسلسل کام کر رہا ہے۔ ہم قابل اطلاق ماحولیاتی قوانین کی پابندی کرنے اور اپنے کاربن فوٹ پرنٹ کو کنٹرول کرنے کی کوششوں کو وسعت دینے کے لیے پُرعزم ہیں۔

تھرڈ پارٹی سے حاصل کردہ مواد یا خدمات، کم از کم، ماحولیاتی تحفظ کے کے معیارات پر پوری اُترنی چاہئیں۔ KE فعال طور پر ایسے عمل اور پیداوار میں بہتری لائے گا جو ماحول دوست طریقوں کو اپنائیں۔ ہم پائیدار اور جدید حل کی تلاش اور فراہمی کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، جن میں درج ذیل پہلو شامل ہیں:

- توانائی کے انتظام کے طریقے
- موسمیاتی تبدیلی کے سدباب کے اقدامات
- فضلہ کم کرنے اور ضائع ہونے سے بچاؤ کے اصول
- خطرناک مواد کی روک تھام
- قدرتی حیات اور ماحولیاتی تنوع کا تحفظ
- گرین ہاؤس گیسوں کے اخراج میں کمی اور کاربن فٹ پرنٹ کی نگرانی
- سرکلر اکانومی اور 5R اصول (Refuse, Reduce, Reuse, Recycle, Recover) کا اطلاق

KE اور اس کے شراکت دار درج ذیل اقدامات کو یقینی بنائیں گے:

- آپریٹنگ سرگرمیوں اور HSE خطرات کے انتظام میں ایک متحرک اور منظم طریقہ اپنانا۔
- قابل اطلاق HSE قوانین اور ضوابط کی پابندی کرنا اور صحت، حفاظت، اور ماحولیاتی کارکردگی کو مسلسل بہتر بنانے کی کوشش کرنا۔
- قدرتی وسائل کے استعمال میں کمی، فضلہ کے اخراج اور گرین ہاؤس گیسز کے اثرات کو محدود کرنے کی کوشش۔

## <u>معاشرتی اقدار اور انسانی حقوق</u>

KE انسانی حقوق اور تمام افراد کی عزت و تکریم کو تسلیم کرتی ہے اور اقوام متحدہ کے گائیڈنگ پرنسپلز برائے بزنس اینڈ ہیومن رائٹس کے تحت اپنی کاروباری ذمہ داریوں کو پورا کرے گی۔

KE اور اس کے ش شراکت دار درج ذیل نکات پر عمل درآمد کرے گی:

- امتیازی سلوک کی ممانعت اور مساوی مواقع کی فراہمی۔
- جبری مشقت، غلامی، چائلڈ لیبر، اور بانڈڈ لیبر کی سختی سے ممانعت۔
- محفوظ اور صحت مند ماحول فراہم کرنا، جہاں کسی ملازم پر کسی قسم کا دباؤ، ہراسانی یا بدسلوکی نہ ہو۔
- مقامی اور بین الاقوامی قوانین کے مطابق مناسب اجرت اور معقول ماحول فراہم کرنا۔
- کسی بھی شکایت کے اندراج کے لیے پر رابطہ کریں: speakup@ke.com.pk

## گورننس اور لیبر کے معیارات

KE اپنی کاروباری سرگرمیوں کو اعلیٰ اخلاقی اقدار، مقامی و بین الاقوامی قوانین کی مکمل پاسداری، اور منصفانہ لیبر پریکٹسز کو فروغ دیتے ہوئے سرانجام دیتی ہے۔ KE اور اس کے شراکت دار درج ذیل اصولوں پر عمل کریں گے:

- کاروباری سرگرمیوں میں ایمانداری، شفافیت، اور دیانتداری کا فروغ، اور مفادات کے ٹکراؤ (Conflict of Interest) کو ظاہر کرنا۔
- منصفانہ اور شفاف کاروباری تعلقات کو یقینی بنانا۔
- قومی و بین الاقوامی قوانین و ضوابط کی مکمل پاسداری۔
- مضبوط کارپوریٹ گورننس فریم ورک کا قیام۔
- ڈیٹا کی رازداری اور سیکیورٹی کو یقینی بنانا۔
- رشوت اور کرپشن کے خلاف سخت پالیسی اپنانا۔
- کسی بھی شکایت کے اندراج کے لیے پر رابطہ کریں: speakup@ke.com.pk